10 مارچ 2020ء

## پریس ریلیز برائے کارکنوں کی ترسیلات زر

1۔ مالی سال 20ء میں جولائی تا فروری کے دوران کارکنوں کی 15,126.5 ملین ڈالر ترسیلاتِ زر موصول ہوئیں جس سے جولائی تا فروری مالی سال 19ء کے موصولہ 14,355.8 ملین ڈالر کے مقابلے میں 770.7 ملین ڈالر اضافہ یا 5.4 فیصد نمو ظاہر ہوتی ہے۔

2۔ فروری 2020ء کے دوران کارکنوں کی ترسیلاتِ زر کی مالیت 1,824.3 ملین ڈالر رہی جس سے گذشتہ ماہ یعنی جنوری 2020ء کے موصولہ 1,907.3 ملین ڈالر کے مقابلے میں 83 ملین ڈالر یا 4.4 فیصد کمی ظاہر ہوتی ہے۔

3۔ فروری 2020ء کے دوران ترسیلاتِ زر کے موصولہ 1,824.3 ملین ڈالر سے ظاہر ہوتا ہے کہ فروری 2019ء کے 1,581.8 ملین ڈالر کے مقابلے میں 242.6 ملین ڈالر یا 15.3 فیصد اضافہ ہوا۔

4۔ فروری 2020ء کے دوران کارکنوں کی ترسیلات میں بڑی رقوم سعودی عرب (421.96 ملین ڈالر)، متحدہ عرب امارات (387.1 ملین ڈالر)، امریکہ (333.5 ملین ڈالر) اور برطانیہ سے (253.5 ملین ڈالر) موصول ہوئیں جس سے جنوری 2020ء کے مقابلے میں بالترتیب 2.6 فیصد، 2.1 فیصد، 0.5 فیصد، اور 15.2 فیصد کمی ظاہر ہوتی ہے۔

***************